اقوال زریں

- جو شخص صبر کی چادر اوڑھ لیتا ہے وہ عزت اور بزرگی پاتا ہے۔
- صبر انسان کو اندر سے مضبوط کرتا ہے۔
- علم ایک ایسا پھول ہے جتنا کھلتا ہے اتنی خوشبو بیتا ہے۔

روس اور چین کی 'لازوال' دوستی کا مطلب؟

صبیح احمد

روس اور چین کے صدور بالترتیب ولادیمیر پوتن اور ژی جینگ نے گزشتہ ہفتہ چینی کمیونسٹ پارٹی کے 'پاور سینٹر' تاریخی گریٹ ہال آف دی پیپلز میں ملاقات کی، جہاں روسی رہنما کے لیے ایک شاندار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں چین کی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) کی جانب سے گارڈ آف آنر بھی شامل تھا۔ ژی کو 'میرا پیارا دوست' کہتے ہوئے پوتن نے کہا کہ یہ بنیادی اہمیت کا حامل ہے کہ روس اور چین کے درمیان تعلقات 'موقع پرستانہ نہیں ہیں اور یہ کسی کے خلاف نہیں ہیں۔' ژی نے کہا کہ دونوں روس اور یوکرین کی جنگ کے حوالے سے حالات پر سخت گرفت حاصل کرلی ہے۔ ادھر ژی جن پنگ ہی میں یوروپ کے دورے سے واپس آئے ہیں جہاں انہوں نے فرانس کے صدر کے ساتھ ساتھ ہنگری اور سربیا کے رہنماؤں سے ملاقات بھی کی۔ یہ دونوں پوتن کے دوست ہیں۔ چین اور روس کے تعلقات کے فروغ کی ایک تاریخ رہی ہے اور اس کے ارتقا میں امریکہ کا کردار رہا ہے۔ چین اور سوویت یونین کے درمیان تعلقات کی شروعات اچھی نہیں رہی تھی۔ 1949 میں عوامی جمہوریہ چین کے قیام کے بعد جب چیئرمین ماؤزے تنگ نے ماسکو کا دورہ کیا تو انہیں جوزف اسٹالن سے ملاقات کے لیے ہفتوں تک انتظار کرنا پڑا تھا۔ کہا جاتا ہے کہ ماؤ کو دارالحکومت سے باہر ایک دور دراز علاقے میں رکھا گیا تھا جہاں 'واحد تفریحی سہولت فیبل ٹینس کی ایک ٹوٹی ہوئی میز تھی۔' سرد جنگ کے دوران، چین اور یوغین آف سوویت سوشلسٹ ری پبلک (یو ایس ایس آر) ایک دوسرے کے حریف تھے، دونوں کے درمیان عالمی کمیونسٹ تحریک کو کنٹرول کرنے کے لیے مقابلہ آرائی تھی۔ 1960 کی دہائی کے اوائل میں دونوں ملکوں کے درمیان تناؤ خطرناک حد تک بڑھ گیا اور انہوں نے 1969 میں ایک مختصر سرحدی جنگ بھی لڑی۔ 1976 میں ماؤ کی موت کے بعد تعلقات میں بہتری کا آغاز ہوا، لیکن 1991 میں سوویت یونین کے انہدام تک گرم جوشی دیکھنے کو نہیں ملی۔ سرد جنگ کے بعد کے دور میں اقتصادی تعلقات نے چین۔روس تعلقات کے لیے 'نئی اسٹرٹیجک بنیاد' تیار کی ہے۔ چین روس کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار اور روس میں ایشیا کا سب سے بڑا سرمایہ کاری کرنے والا ملک بن گیا۔ چین دراصل روس کو خام مال کا پاور ہاؤس اور ایرانی اشیا (کنزیومر گڈس) کی قیمتی منڈی کے طور پر دیکھتا ہے۔ 2014 میں کریمیا کے الحاق کے بعد روس کے خلاف مغرب کا خلافانہ رویہ کیوں کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی سوال اٹھایا کہ کیا چین کے ساتھ اتنے بڑے پیمانے پر تجارت کرنا ملک کے لیے درست ہے۔ حال ہی میں جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق چین ہندوستان کا سب سے بڑا تجارتی شراکت دار ہے۔ گلوبل ٹریڈ ریسرچ انیشیٹو کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان رواں مالی سال میں تجارت 118.4 بلین ڈالر تک پہنچ گئی۔ چین سے ہندوستان کی درآمدات کا حجم 3.24 فیصد بڑھ کر 101.7 بلین ڈالر تک پہنچ گیا ہے جبکہ ہندوستان سے چین کو برآمدات 8.7 فیصد بڑھ کر 16.67 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں۔ وزیر خارجہ نے شکر کا بیان دراصل ہندوستانی تاجروں کو یہ یاد دلانے کی کوشش ہے کہ سرحدی کشیدگی جاری ہے اور ہندوستان کو چین پر کم انحصار کرنا چاہیے۔ وزیر خارجہ نے یہ بھی کہا کہ ہندوستان نے ہمیشہ محسوس کیا ہے کہ یہ مغرب ہی تھا جس نے روس کو چین کی بانہوں میں دھکیل دیا۔ حال ہی میں کولکاتہ میں ایک تقریب کے دوران میونخ سیکیورٹی کانفرنس کے سابق ڈائریکٹر وولفگانگ اشنگر نے کہا کہ ہندوستان کو چین کی خود انحصاری کی اہمیت کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے ہندوستان اور چین کے تجارتی تعلقات پر بھی یہ کہتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ ہندوستان چین سے اتنی زیادہ خریداری